سوال

(100) بوقت ذکر ولادت قیام وہاتھ باندھنا کیسا ہے وہمپناں مولود وغزلیات کا کیا حکم ہے۔؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بوقت ذکر ولادت قیام وہاتھ باندھنا کیسا ہے وہمپناں مولود وغزلیات کا کیا حکم ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قیام وہاتھ باندھنا بوقت ذکر ولادت بدعت وناجائز ہے۔ کسی دلیل شرعی سے اس کا ثبوت نہیں ہے۔ اگر یہ قیام وہاتھ باندھنا اس عقیدہ و نیت سے ہے۔ کہ رسول اللہ ﷺ بوقت ذکر ولادت تشریف لاتے ہیں۔ اور حاضر مجلس میلاد ہوتے ہیں تو یہ شرک ہے۔ اور مولود وغزلیات جو آجکل چھپ کر شایع ہیں۔ وہ ناجائز مضامین اور روایت موضوعات و مفتریات سے مملوہیں ان کا پڑھنا اور سننا بلاشبہ ممنوع وناجائز ہے۔ (حررہ محمد عبد الحق ملتانی۔ سید محمد نزیر حسین۔ فتاوی نزیریہ جلد 1 ص 221)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 11 ص 365

محدث فتویٰ